دوسرا گروپ	انٹر پارٹ-I لاہور بورڈ، 2018	تعلیماتِ اسلامی (لازمی)
کل نمبر: 40	(انشائیہ طرز)	وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) تورات اور انجیل کن انبیاءؑ پر نازل ہوئیں؟

(ii) رسولوں کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

(iii) عقیدۂ ختم نبوت پر ایک حدیث بمعہ ترجمہ لکھیے۔

(iv) روزہ کے چار مقاصد تحریر کیجیے۔

(v) زکوٰۃ کے کوئی سے چار مصارف لکھیے۔

(vi) روزہ کے چار فوائد تحریر کیجیے۔

(vii) حج کے دو فوائد لکھیے۔

(viii) رشتہ داروں کے چار حقوق تحریر کیجیے۔

(ix) دہشت گردی سے بچنے کے لیے کوئی سے دو اقدامات لکھیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) ذکر کے دو فوائد تحریر کیجیے۔

(ii) عرب اپنے بچوں کو کیوں قتل کرتے تھے؟ مختصر لکھیے۔

(iii) اسلام کی تبلیغ پر کون سے آپؐ کے چچا اور اس کی بیوی آپؐ کے دشمن ہو گئے؟

(iv) شعب ابی طالب میں محصوری سے کیا مراد ہے؟

(v) اسلام میں سب سے پہلے اور سب سے آخری غزوے کا نام لکھیے۔

(vi) قرآن مجید کے تین نام تحریر کیجیے۔

(vii) مکی سورتوں کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

(viii) آیت کا ترجمہ کیجئے: إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقَاكُمْ ط

(x) حدیث کا ترجمہ کیجئے: اَلْجَنَّةُ تَحْتَ أَقْدَامِ الْأُمَّهَاتِ

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

4- توحید کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیے۔ نیز توحید کو قرآنی آیات اور احادیث سے واضح کیجئے۔ 8

5- استاد کے حقوق تفصیلاً لکھیے۔ 8

6- حدیث کی دینی حیثیت پر جامع نوٹ لکھیے۔ 8